More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

سولھواں سبق

کمپیوٹر اور انٹرنیٹ

مشق

ا۔درجِ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(الف) کمپیوٹر کی ابتداء کیسے ہوئی؟

جواب: انسانی ذہن کو قرار نہیں پہلے ریڈیو آیا پھر بلیک اینڈ وائٹ ٹیلی ویژن، پھر رنگین ٹی۔وی اسی طرح انسانی ذہن نے کمپیوٹر ایجاد کر لیا۔

(ب) چند سائنسی ایجادات کے نام لکھیے۔

جواب: ہوائی جہاز، ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، موٹر کار، ریلوے موبائل اور دیگر۔

(ج) وائی فائی سے کیا مراد ہے؟

جواب: وائی فائی بغیر تاروں کے موڈیم سے منسلک کیا جاتا ہے اور لیپ ٹاپ میں بھی منسلک ہو سکتا ہے اس طرح دُنیا بھر سے چند منٹ میں رابطے ہو جاتے ہیں۔

(د) گلوبل ولیج کا کیا مطلب ہے؟

جواب: نئی نئی ایجادات کی بنا پر دنیا سکڑ کر ایک گاؤں بن گئی اور اب چند سیکنڈ

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

میں ہم کراچی میں بیٹھ کر دُنیا کے کسی بھی ملک اور شہر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

(د) اُردو ٹائپنگ میں کمپیوٹر نے کیا ترقی کی ہے؟

جواب: اُردو ٹائپنگ کے سلسلے میں کمپیوٹر نے وہ ہی ترقی کی ہے جس طرح انگلش اور دُوسری زبانوں کے سلسلے میں۔

۲۔ درست الفاظ چن کر خالی جگہیں پُر کیجئے۔

(الف) لیپ ٹاپ کے ذریعے ہم دُنیا سے منٹوں میں رابطے میں آجاتے ہیں۔

(ب) جدید سائنس نے گلوبل ویلیج کا تصور پیش کیا۔

(ج) فہد اپنے بھائی جان کا اشارہ سمجھ گیا۔

(د) اُردو کتابت کو یونی کوڈ کے ذریعے ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے۔

۳۔ درج ذیل بیانات کے سامنے صحیح (ص) یا غلط (غ) لکھیے۔

(الف) پینٹیم سیریز کمپیوٹر کے مختلف ادوار کو ظاہر تی ہے۔ص

(ب) اپنے خطوط اور تصاویر وغیرہ خوردبین کے ذریعے بھیجی جاتی ہے۔غ

(ج) آج کا دور انٹرنیٹ کا دور ہے۔ص

(د) فہد کو اپنے والد سے محبت تھی۔ص

(ہ) انٹر میں پاس ہونے پر ابو نے لیپ ٹاپ دلانے کا وعدہ کیا تھا۔ص

۴۔ درج ذیل الفاظ کے واحد لکھیے۔

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

ایجادات،خطوط،مراحل،کتب،مزارات

جمع	واحد
ایجادات	ایجاد
خطوط	خط
مراحل	مرحلہ
کتب	کتاب
مزارات	مزار

۵۔درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے متضاد الفاظ خالی جگہوں میں لکھیے۔

(الف)زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

(ب)جہالت کی تاریکی کو علم کی روشنی سے دور کیا جا سکتا ہے۔

(ج)پہیا ایک قدیم ایجاد ہے جبکہ کمپیوٹر جدید ایجاد ہے۔

(د)انسان،جسم اور جان کا مرکب ہے۔

(ہ)تمھیں آج تک یہ بھی نہیں معلوم کہ کون تمھارا دوست ہے اور کون دشمن

۶۔درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیے۔

ایجاد۔استفادہ۔متحرک۔ریاض دان۔مرکب

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

الفاظ	جملے
ایجاد	اصطرلاب کی ایجاد فارابی کی ہے۔
استفادہ	میں نے حوالہ جاتی کتابوں سے استفادہ کیا پھر یہ کتاب تحریر کی۔
متحرک	اگر زمین متحرک ہے تو سورج بھی متحرک ہے اس کا مدار بہت بڑا ہے (سورہ یٰسین)۔
ریاضی دان	عمر خیام ایک عظیم ریاضی دان تھا۔
مرکب	پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن کا مرکب ہے۔

زمانے کی تین اقسام ہوتی ہیں۔ میں اسکول جاتا تھا۔ (ماضی) میں اسکول جاتا ہوں (حال) میں اسکول جاؤں گا (مستقبل)

۷۔ درج ذیل جملوں میں فعل کو زمانے کے لحاظ سے درست کیجیے۔

(۱) میں اگلے مہینے سے ورزش شروع کر رہا تھا۔ غلط

(۱) میں اگلے مہینے سے ورزش شروع کروں گا۔ درست

(۲) پچھلے سال میں چوتھی جماعت میں پڑھوں گا۔ غلط

(۲) پچھلے سال میں چوتھی جماعت میں پڑھتا تھا۔ درست

(۳) آجکل ہمارے شہر میں بہت گرمی پڑ رہی تھی۔ غلط

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(۳) آجکل ہمارے شہر میں بہت گرمی پڑ رہی ہے۔ درست

(۴) اگلے سال لاہور میں بہت زیادہ بارشیں ہوئی تھیں۔ غلط

(۴) پچھلے سال لاہور میں بہت زیادہ بارشیں ہوئی تھیں۔ درست

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com